خبروں کا اعلامیہ

# امیگریشن سے متعلق دھوکہ دہی (امیگریشن فراڈ) پر کاروائی کرنا

27 مارچ، 2024 میڈیا انکوائریز

## البرٹا کی حکومت بڑھتے ہوئے امیگریشن فراڈ سے نمٹنے کے لیے البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration program) کے لیے دھوکہ دہی سے متعلق تحفظات کو مضبوط کر رہی ہے اور بڑھا رہی ہے۔

قانون نافذ کرنے والے ادارے، اسٹیک ہولڈرز، وفاقی امیگریشن حکام اور صوبے اور علاقہ جات امیگریشن فراڈ کے حجم اور نفاست میں اضافے کی اطلاع دے رہے ہیں، جو البرٹا کو اپنا گھر بنانے کی امید رکھنے والے لوگوں پر منفی اثر ڈال سکتا ہے ۔

البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration program) میں موجود دھوکہ دہی کے خلاف طریق کار(اینٹی فراڈ میکانزمز) زیرعمل ہیں اور حکومت نئے آنے والوں کی حفاظت کے لیے اضافی اقدامات کر رہی ہے۔ دھوکہ دہی کے خلاف توسیع شدہ اقدامات میں دھوکہ دہی کا پتہ لگانا، خصوصی تفتیشی مہارت، اور ملازمت کی پیشکش کی اہلیت اور توثیق کی حد کو مضبوط بنانا شامل ہوں گے تاکہ تارکین وطن کے تحفظات میں اضافہ ہو اور مثبت اقتصادی امیگریشن نتائج کی بہتر حفاظت کی جا سکے۔

ان نئے اقدامات کے علاوہ، البرٹا کی حکومت امیگریشن فراڈ سے نمٹنے کے لیے وزارتوں، اور دیگر صوبوں اور علاقہ جات اور وفاقی حکومت کے ساتھ مل کر کام کرتی رہے گی۔

"معاشی امیگریشن ہمارے صوبے کی خوشحالی کے لیے اہم ہے۔ بڑھتے ہوئے فراڈ کی نفاست اور حجم سے نمٹنے کے لیے فوری جواب دے کر، ہم اپنی کمیونٹیز، صنعتوں اور آجروں کے مفادات کا تحفظ کرتے رہیں گے اور البرٹا کی معیشت کی ترقی میں معاونت کریں گے۔ اس سے ہمیں یہ یقینی بنانے میں بھی مدد ملتی ہے کہ ہم نئے آنے والوں کی ضروریات کو پورا کر رہے ہیں جن کا ہم البرٹا میں خیر مقدم کر رہے ہیں۔"

*محمد یاسین، منسٹر آف امیگریشن اینڈ ملٹی کلچرلزم (Muhammad Yaseen, Minister of Immigration and Multiculturalism)*

"البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration program) ہماری دیہی کمیونٹیز میں ہماری مزدوروں کی کمی کو دور کرنے کے ایک آلے کے طور پر ناقابل یقین ممکنات دکھا رہا ہے۔ اس نے ہمارے لوگوں کو اس

Classification: Public

قابل بنایا ہے کہ وہ درجنوں اہل کارکنوں کو، اپنے خاندانوں سمیت چھوٹے شہروں کی طرف راغب کریں ۔ میونسپل کا عملہ جو ان پروگراموں کی پہلی قطاروں میں کام کرتا ہے، ہزاروں انکوائریز سے بھرا ہوا ہے، اور بد قسمتی سے ان انکوائریز کے ساتھ جڑی ہوی دھوکہ دہی کی ناگزیر کوششوں کے خطرے سے دوچار ہے۔ تاکہ ہمارے لوگ نئے آنے والوں کو مقامی ملازمتوں کے ساتھ جوڑنے پرتوجہ مرکوز کر سکیں، ان مسائل کو اس طرح سے حل کرنے کے لیے، فعال اقدامات کرنے پرہم منسٹر کی تعریف کرتے ہیں ۔"

*جم ولیٹ، چیئر، ساؤتھ گرو ریجنل انیشی ایٹو(Jim Willett, chair, SouthGrow Regional Initiative)*

## البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration Program)

البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration program) ایک اقتصادی امیگریشن پروگرام ہے جو مزدوری کے خلا کو پُر کرنے کے لیے باصلاحیت، مطلوب کارکنوں کوراغب کر کے، نیز ایسے کاروباری افراد کو راغب کر کے، جو کاروبار شروع کرنا یا بڑھانا چاہتے ہیں اور ملازمتیں پیدا کرنا چاہتے ہیں، معیشت کو مضبوط اور ترقی دیتا ہے۔ وفاقی حکومت کے ساتھ مل کر چلایا گیا، یہ پروگرام البرٹا کی حکومت کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ مطلوب افراد کو نامزد کرکے صوبائی لیبر مارکیٹ کے چیلنجز اور خلاء کو دور کرے۔

2023 میں، تمام صوبوں میں سب سے زیادہ روزگار کی شرح البرٹا کی تھی، اور البرٹا میں کل ملازمتوں کی 80 فیصد سے زیادہ کل وقتی ملازمتیں تھیں۔ اب بھی کئی صنعتوں میں مزدوروں کی کمی برقرار ہے اور البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration program) آجروں کو ان کارکنوں کو تلاش کرنے میں مدد کرتا ہے جن کی انہیں ضرورت ہے۔

- ## فوری حقائق

- امیگریشن فراڈ میں شامل ہیں:
  - **نوکری کی پیشکش کے لیے فیس وصول کرنا.** اگر کوئی آجر یا ایمپلائمنٹ ایجنسی کسی بھی قسم کی فیس وصول کر رہے ہیں، تو البرٹا کی حکومت مدد کر سکتی ہے۔ ہماری 310-0000 انفارمیشن لائن پر کال کریں اورایمپلائمنٹ اسٹینڈرڈز (Employment Standards) یا عارضی فارن ورکر ایڈوائزری آفس (Temporary Foreign Worker Advisory Office) طلب کریں۔
  - AAIP درخواست پر **غلط یا گمراہ کن معلومات** کو غلط بیانی کا عمل سمجھا جاتا ہے۔ غلط، گمراہ کن، یا دھوکہ دہی پر مبنی معلومات کے نتیجے میں نامزد کی درخواست مسترد کی جا سکتی ہے اور درخواست دہندہ پر پانچ سال تک پروگرام میں (دوبارہ) درخواست دینے پر پابندی لگ سکتی ہے۔

Classification: Public

- **تیسرے فریق کی بدانتظامی**۔ درخواست دہندہ کی جانب سے کام کرتے وقت، فریقِ ثالث کا بھرتی کرنے والا یا امیگریشن کا نمائندہ غیر قانونی، غیر مجاز، گمراہ کن اور/ یا دیگر غیر پیشہ ورانہ اعمال میں ملوث ہوتا ہے۔
- AAIP کے موجودہ اینٹی فراڈ اور پروگرام کی سالمیت کے تحفظ کے ٹولز میں شامل ہیں:
  - آجر کا سائٹ کا دورہ کرنا اور متعدد ذرائع سے ملازمت کی پیشکشوں، حوالہ جاتی خطوط، تعلیم اور زبان کی جانچ (language test) کے دستاویزات کی تصدیق کرنا۔
  - ڈیٹا کا تجزیہ کرنا اور کسی درخواست یا متعدد درخواستوں سے منسلک کاروبار یا امیگریشن کے نمائندوں کی قانونی حیثیت کا تعین کرنے کے لیے دوسری تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کرنا۔
  - اہلیت پر منفی فیصلوں کو چیلنج کرنے والی نظر ثانی کی درخواستوں کا غیر جانبدارانہ جائزہ۔
  - مؤثر طریقے سے خطرے کو سنبھالنا، معیار کی یقین دہانی کرنا، اور فریب کی رکاوٹ اور دریافت کے طریقوں کا انضمام۔

## متعلقہ معلومات

- البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (اے اے آئی پی) (Alberta Advantage Immigration program (AAIP))
- AAIPایپلیکیشن اسٹریمز (AAIP application streams)

## میڈیا سے پوچھ گچھ


### مائکل کواس (Michael Kwas)

780-264-5368
پریس سیکریٹری، امیگریشن اینڈ ملٹی کلچرزم (Press Secretary, Immigration and Multiculturalism)